[As INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

**A**

**Bill**

*further to amend the Co-operative Societies Act, 1925*

**WHEREAS** it is expedient further to amend the Cooperative Societies Act, 1925 (Sindh Act VII of 1925) in its application to the extent of Islamabad Capital Territory;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.-** (1) This Act may be called Cooperative Societies (Amendment) Bill, 2025.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment in Section 2, Sindh Act VII of 1925.-** In the Cooperative Societies Act, 1925 (Sindh Act VII of 1925), in section 2, for clause (b), the following shall be substituted, namely:-

"(b) "Committee" means the Committee of Management or other directing body, elected for a period of five years, to whom the management of the affairs of a Society is entrusted;

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

Committees of Management of Cooperative Societies are elected bodies for management of the affairs of the society. There is need to enhance the tenure of the Committee for at least a period of five years so that the elected Committees can translate their vision for the purposes of the Cooperative Societies. The amendment is proposed to seek the aforesaid objective.

**SD/-**
**MR. TAHIR IQBAL**
Member, National Assembly

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

## کوآپریٹو سوسائٹیز ایکٹ، ۱۹۲۵ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل

چونکہ کوآپریٹو سوسائٹیز ایکٹ، ۱۹۲۵ء (سندھ ایکٹ نمبر ۷ بابت ۱۹۲۵ء) میں، جس کا اطلاق علاقہ دارالحکومت، اسلام آباد پر وسعت پذیر ہے، مزید ترمیم کرنا قرین مصلحت ہے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:-

۱۔ **مختصر عنوان اور نفاذ۔** (۱) ایکٹ ہذا کوآپریٹو سوسائٹیز (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **سندھ ایکٹ نمبر ۷ بابت ۱۹۲۵ء کی دفعہ ۲ میں ترمیم۔** کوآپریٹو سوسائٹیز ایکٹ، ۱۹۲۵ء (سندھ ایکٹ نمبر ۷ بابت ۱۹۲۵ء) کی دفعہ ۲ میں، شق (ب) کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:-

"(ب) "کمیٹی" سے مراد انتظامیہ کمیٹی یا کوئی دوسرا منضبطہ ادارہ ہے، جو پانچ سال کی مدت کے لیے منتخب کیا گیا ہو، جسے کسی سوسائٹی کے معاملات کا انتظام سونپا گیا ہو؛"

### بیان اغراض و وجوہ

کوآپریٹو سوسائٹیوں کی انتظامی کمیٹیاں سوسائٹی کے امور کے انتظام کے لیے منتخب ادارے ہیں۔ کمیٹی کی مدت کو کم از کم پانچ سال تک بڑھانے کی ضرورت ہے تاکہ منتخب کمیٹیاں کوآپریٹو سوسائٹیوں کے مقاصد کے لیے اپنے وژن کو عملی جامہ پہنا سکیں۔ مذکورہ بالا مقصد کے حصول کے لیے یہ ترمیم تجویز کی گئی ہے۔

دستخط/-

جناب طاہر اقبال

رکن، قومی اسمبلی